طنزومزاح

ساغر اقبالی

زبان میری ہے بات انکی

○ لاہور ائیرپورٹ پر غضنفر گل سے امریکی ریوالور برآمد۔ (ایک خبر)
ایم این اے ہے۔ شریف آدمی ہے!

○ ہم اقتدار کو عوام کی امانت سمجھتے ہیں۔ (بے نظیر)
حالانکہ یہ امریکہ کی امانت ہے۔

○ صوبائی وزیر کی شراب لانے کا مجرم رہا ہو گیا۔ (ایک خبر)
ہال اے! غلطی تھی گئی ہوسی!

○ سلطان راہی غیر عورت پر نگاہ ڈالنا گناہ سمجھتے تھے۔ (صائمہ)
سلطان راہی جنسی بلا تھا۔ کئی اداکاراؤں سے تعلقات تھے۔ (حاجی احسن)

○ کھر کا شکار کے دوران زخمی ہونے والا کتا مر گیا۔ (ایک خبر)
عورتوں کا شکار کرنے والے بھی ایک دن کتے کی موت مر جائیں گے۔

○ وفاقی حکومت کے ۴۳۴ افسروں نے غیر ملکی خواتین سے شادی رچالی۔ (ایک خبر)
وفاقی حکومت کے تمام افسران کے لئے پاکستانی خاتون سے شادی پر پابندی لگادی جائے۔

○ "مقابل ہے آئینہ" میں اظہر سہیل دوسروں کی کردار کشی کرتا ہے، یہ پروگرام بند کیا جائے۔ (ایک مقدمہ)
کس نرخ پہ بکتے ہیں ادیبان ہنرمند   یہ راز ہی رہ جائے اسے اور نہاں کر

○ تخریب کاروں کے سر کچل دوں گا۔ (نکئی)
شراب کے مٹکے سے نکلا ہوا چوہا اسی طرح کی بڑھکیں مارتا ہے۔

○ جنسی تعلیم کے لئے عملی اقدامات کریں گے۔ (وزیر صحت بدرالدین)
تعلیمی اداروں میں باقاعدہ پریکٹیکل کروایا جائے گا، اور قائد اعظم کے خوابوں کی تکمیل ہوگی۔

○ مجھے کرکٹ میں خدا ملا۔ (عمران خان)
جھوٹا کہیں کا۔ جمیما ملی جمیما۔

○ بھٹو کی روح پاکیزہ تھی۔ (تحریر از کوثر نیازی)
جسم کی گارنٹی کون دے گا؟

○سلطان راہی ایک دین دار فنکار تھا۔ (جنگ کلچرل رپورٹر)
بالکل میر خلیل الرحمن مرحوم کی طرح نیک تھے۔

○وزیراعظم بے نظیر جمہوریت کی علامت ہیں۔ (شاہ محمود قریشی)
جمہوریت اور اس کی علامتوں پر ہزار بار لعنت

○پنجاب میں حکومت نام کی کوئی چیز نہیں۔ عوام کسی چارہ گر کے انتظار میں ہیں۔ (منظور وٹو)
عجیب ہیں وہ لوگ جو سیاست دانوں کی باتوں اور کسبیوں کے بستر پر اعتماد کرتے ہیں۔

○مہنگائی کم اور کراچی میں امن وامان کی صورت حال بہتر ہو گئی ہے۔ (بے نظیر)
لعنۃ اللہ علی الکاذبین

○وزیراعظم کے ذاتی محافظ کے بیٹے کو بیرون ملک علاج کے لئے ۳ لاکھ ۸۵ ہزار روپے کی ادائیگی۔ (ایک خبر)
قومی خزانہ محافظوں پر ہی خرچ ہو رہا ہے۔

○دو سال میں ۱۱۰ حکومتی ارکان سرکاری خرچ پر بیرونِ ملک گئے۔ (ایک خبر)
اللہ کرے سارے چلے جائیں اور پھر لوٹ کے نہ آئیں۔

○فریقین کو بتا دیا ہے کہ موجودہ صورت حال جاری رہی تو ہمارا نام لیوا کوئی نہیں ہو گا۔ (نوابزادہ نصر اللہ)
وچوں وچوں کھائی جاؤ، اُتوں رولا پائی جاؤ!

○ٹی وی پروگرام معیاری ہیں، مولویوں کو ویسے ہی ہر جگہ فحاشی نظر آتی ہے۔ (خالد کھرل)
او! بیربلِ عصر! شناسائیوں تیرا خوب کس نشہ میں بدمست ہے کچھ خوفِ خدا کر!

○حکومت نے غیر اعلانیہ طور پر سنت رسول ﷺ پر پابندی لگانے کا فیصلہ کر لیا۔ اب پورے ملک میں ڈاڑھی رکھنے والوں پر کڑی نظر رکھی جائے گی۔ (ایک خبر)
کتے کی موت آتی ہے تو مسجد کی طرف آ کر پیشاب کرتا ہے۔

○ٹھٹھہ میں درگاہ کی زیارت کو آنے والی شادی شدہ عورت سے دو افراد کی زیادتی۔ (ایک خبر)
نبی کریم ﷺ نے عورتوں کو قبرستان میں جانے سے منع فرمایا۔ عجمی دھرم کے پجاریوں نے جائز کہا۔ نتیجہ آپ کے سامنے ہے۔

○ بے نظیر نماز کے بعد نواز شریف کی درازی عمر کے لئے دعا کرتی ہیں۔ (کھر)
بے نظیر تے نماز! اکھوں آئی تے ناں نور بھری!

○عوام رشوت خوروں کی نشاندہی کریں۔ ہتھکڑی نہ لگواؤں تو اپنے باپ کا نہیں۔ (غلام عباسی)

باقی باتوں کا پتہ نہیں۔ آخری بات کا یقین آیا۔

○ ایسی جمہوریت پر لعنت! جس میں عام آدمی کو حق نہ ملے۔ (راسمے)

سچ آکھیا ای راسمیاں!

○ اقتدار میری ٹھوکر پر تھا۔ (مرزا اسلم بیگ)

اگر جرنیل آڑے نہ آتے۔

○ ملازمتیں سیاسی بنیادوں کی بجائے میرٹ پر ہی دی جارہی ہیں۔ (ناہید خان)

شرم اور اقتدار، آنی جانی چیزیں ہیں۔

○ آصف پر سارے الزام جھوٹے ہیں۔ (حاکم زرداری)

اور وہ "گھوڑوں" والا الزام بھی!

○ مراعات کے بھوکے، دین فروش، شریعت کے علمبردار نہیں ہوسکتے۔ (مشتاق اعوان)

حضرت مولانا فضل الرحمن جواب دیں!

بقیہ از صـ۴۴ـ

(نوراکشتی) ہی کہا جاسکتا ہے۔ واللہ اعلم۔

علامہ اقبال کی روح زبانِ حال سے سوال کرتی ہے۔

افرنگ نے تو سکھا دی ہے مجھے زندیقی

اس دور کے ملا ہیں کیوں ننگِ مسلمانی

اللھم انی اعوذبک من علم لا ینفع ومن قلب لا یخشع

ومن نفس لا تشبع (اوکماقال) آمین یا الہ العالمین

بنیاد پرست:۔ فقیر عبدالواحد بیگ، المرحوم پینٹر

محلہ سادات دہلی گیٹ ملتان۔

بقیہ از صـ۲۶ـ

احراریوں کے پیچھے چلنے کو تیار ہوں اور نہ انکے آگے چلنا چاہتا ہوں۔ اس بات پر مولانا محمد یعقوب نورانی صاحب طیش میں آگئے اور فرمایا مولانا آپ علماء سو کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ جس کو نبی اکرم ﷺ کی عزت و حرمت کا احساس نہیں اسکو کیا سمجھیں۔ آپ شاید مرزائیوں کے ایجنٹ ہیں آئیے حضرات چلیں۔ ان جیسا ضدی شخص میں نے آجتک نہیں دیکھا۔ جو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کے مقابلہ پر اپنی رائے کو اہم سمجھتا ہو۔ چنانچہ اراکین وفد واپس آگئے! یہ واقعہ تحریک شروع ہونے سے پہلے ہی وقوع پذیر ہوچکا تھا۔ (جاری ہے)